سوال

(498) سو روپے کے عوض اپنی زمین گرو رکھی کہ   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے دوسرے شخص کے پاس سو روپے کے عوض اپنی زمین گرو رکھی اس شرط پر کہ تین برس کے بعد ہم روپیہ دے کر زمین واپس کریں گے اور اس مدت میں جو کچھ پیداواری کا نفع ہو وہ اپنے مصرف میں لادے اور مالگذاری ادا کرتا رہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض علماء اس صورت کو گائے والی صورت پر قیاس کرتے ہیں کہتے ہیں کہ زمین کا رگان مرتہن کے ذمے مثل گائے کی خوراک کے برابر ہے بعض اس سے منکر ہیں اختلاف سے نکلنے کے لیے مالک کو بھی کرایہ زمین کو طور پر کچھ دے دیا کرے خواہ تھوڑی ہی ہو جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 449

محدث فتویٰ